2 ستمبر 2020ء

بینکاری شعبے کی اسٹریس ٹیسٹنگ کی نظرثانی شدہ گائیڈلائنز کا اجرا

بینک دولت پاکستان نے اسٹریس ٹیسٹنگ پر نظرثانی شدہ گائیڈلائنز جاری کردیں جو اس سے پہلے 2012ء میں جاری کردہ گائیڈلائنز کی جگہ لیں گی۔ اسٹریس ٹیسٹنگ دنیا بھر میں بینکوں کے انتظامِ خطر اور سرمائے کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال ہونے والا اہم طریقہ کار ہے۔ اس طرح نظرثانی شدہ گائیڈلائنز ارتقاپذیر عالمی بہترین روایات اور بدلتی ہوئی مقامی معاشی و مالی حرکیات کے مطابق بینکوں، ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئیز) اور مائیکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) کی انتظامِ خطر کی صلاحیت کو مضبوط بنائیں گی۔

نظرثانی شدہ گائیڈلائنز کا دائرۂ کار وسیع کرکے اس میں میکرو اسٹریس ٹیسٹنگ (ایم ایس ٹی) پر رہنمائی کے علاوہ حساسیت کا تجزیہ (Sensitivity Analysis) بھی شامل کیا گیا ہے اور دھچکے کے منظرناموں کی تعداد بڑھادی گئی ہے۔ جہاں تک کوریج کا تعلق ہے، بینکوں، ڈی ایف آئیز کے علاوہ اسلامی بینکوں، اسلامی بینکاری برانچوں اور ایم ایف بیز بھی حساسیت کا تجزیہ کریں گے۔ مزید یہ کہ نظام کے حوالے سے اہم ملکی بینک (D-SIBs) کو بھی ہر سال ایم ایس ٹی کرنی ہوگی جس سے ان بڑے حجم کے بینکوں کی نگرانی اور جائزے میں بہتری آئے گی۔ مزید برآں، ڈیٹا جمع کرانے کی شرائط بہتر بنائی گئی ہیں اور اب مالی اداروں کو کم سے کم متغیرات کے بارے میں ڈیٹا جمع کرانا ہوگا۔

گائیڈلائنز میں اسٹیٹ بینک کے داخلی جائزے پر مبنی بینکوں کی نگرانی بھی شامل ہے جس کا مقصد اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ انفرادی اداروں اور بینکاری نظام کی لچک کو مضبوط بنانے کے لیے خطرات کم کرنے کے موزوں اقدامات کیے جاسکیں۔ گائیڈلائنز اس لنک پر دستیاب ہیں: http://www.sbp.org.pk/fsd/2020/C1.htm

***